
3 Col

19 cm




## داخلہ نوٹس برائے جماعت ہشتم سال 2026

واپڈا کیڈٹ کالج تربیلہ ایک ممتاز اقامتی تعلیمی ادارہ ہے، جو کہ تربیلہ ڈیم کے پُرسکون اور دلکش ماحول میں واقع ہے۔کالج میں طلبہ کو معیاری تعلیم، جسمانی تربیت، ہم نصابی سرگرمیوں، اور بہترین رہائش وخوراک کی سہولیات مہیا کی جاتی ہیں۔ جماعت ہشتم میں داخلے برائے تعلیمی سال 2026ء کے لیے درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔

**اہلیت**

عمر: امیدوار کی عمر 1 اپریل 2026ء کو 12 سے 14 سال کے درمیان ہونی چاہیے۔90 دن کی رعایت عمر کی زیریں اور بالائی حد دونوں پر دی جاسکتی ہے۔ایسے امیدوار جو اس وقت ہفتم یا ہشتم میں زیرِ تعلیم ہیں، داخلے کے لئے اہل ہیں۔

**تحریری امتحان**

تحریری امتحان **11** اکتوبر **2025**ء بروز ہفتہ کو مندرجہ ذیل مقامات پر ہوگا۔

تحریری امتحان مظفرآباد، گلگت، پشاور، تربیلا، راولپنڈی، سیالکوٹ، لاہور، ملتان، کوئٹہ اور کراچی میں منعقد کیا جائے گا۔امیدواروں کو انگلش، اردو/اسلامیات، ریاضی، اور سائنس مضامین میں پرکھا جائے گا۔سوالنامہ وفاقی بورڈ اور پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے نصاب کی بنیاد پر تیار کیا جائے گا۔تحریری امتحان میں کامیاب امیدواروں کے انٹرویوز نومبر اور دسمبر 2025ء میں لیے جائیں گے۔منتخب امیدواروں کے لیے کلاسز کا آغاز اپریل 2026ء میں ہوگا۔

**درخواست دینے کا طریقہ کار**

داخلہ فارم اور چالان فارم کالج کی ویب سائٹ **(www.wcct.edu.pk)** پر موجود ہے، ان کو ڈاؤن لوڈ کریں۔

دیئے گئے چالان فارم کو پر کریں اور پاکستان میں بنک الفلاح کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔مکمل شدہ فارم، چالان فارم کی کالج کاپی اور دیگر کاغذات ایڈمیشن برانچ واپڈا کیڈٹ کالج تربیلہ بذریعہ ڈاک بھجوائیں۔ درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ **20** ستمبر **2025**ء ہے۔فارم پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔نامکمل درخواست ناقابل قبول ہوگی۔دیگر معلومات اور امتحان کی تاریخ کی تبدیلی کی صورت میں کالج کی ویب سائٹ پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

**میرٹ پر مبنی مکمل تعلمی وظائف**

وظائف دینے والے اداروں کے قوانین لاگو ہوں گے۔

بلوچستان سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لئے بلوچستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ (بیف) اور حکومت بلوچستان کے تعاون سے مکمل میرٹ اسکالرشپس۔

دالبندین اور چاغی اضلاع (بلوچستان) سے تعلق رکھنے والے امیدواروں کے لیے سانڈک میٹل پرائیویٹ لمیٹڈ کے تعاون سے مکمل میرٹ اسکالرشپس۔

گلگت بلتستان کے ضلع دیامر سے تعلق رکھنے والے ٹاپ 10 امیدواروں کے لیے واپڈا کے تعاون سے مکمل میرٹ اسکالرشپس۔


**بریگیڈیر (ریٹائرڈ) ڈاکٹر رفاقت اسلام، ستارہ امتیاز (ملٹری)**

**پرنسپل واپڈا کیڈٹ کالج تربیلہ۔ٹیلیفون نمبر 0995-350132**